11/04/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میناشفاق امین

نشہLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا آج جموں کے مولانا آزاد اسٹیڈیم سے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سو روز پر محیط ایک جامع بیداری مہم کا آغاز کریں گے۔ وہ اس سلسلے میں ایک پد یاترا میں بھی شرکت کر یں گے۔

منوج سنہا نے سول سوسائٹی، ماہرین تعلیم، کھلاڑیوں ، سیاسی جماعتوں کے نمائندوں اور سماج کے سبھی طبقوں سے وابستہ افراد کو منشیات سے پاک ایک سماج وجود میں لانے کا عہد لینے کےلئے مدعو کیا ہے۔

ملاقاتLG

لوک بھون جموں میں کل متعدد شخصیات اور وفود لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقی ہوئے۔ ان میں بی جے پی جموںو کشمیر کے ترجمان گورو گپتا کی قیادت والا وفد، پُر منڈل اُتر بہنی تیرتھ سیوا نیاس کا وفد، بین الاقوامی پیرا ایتھلیٹ چندیپ بھارت فاؤنڈیشن کے چیرمین ترُن اُپل، انڈین چیمبر آف کامرس جموں چپٹر کے چیرمین راہل سہائے، Nirbhayسنگھ، سابق وزیر یشپال کنڈل کی صدارت والا ،سانبہ کا ایک وفد اور سماجی کارکن راجندر پریمی شامل تھے۔

دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لوک بھون میں بین الاقوامی سطح کے پیرا آرچر پائل ناگ کی عزت افزائی کر تے ہوئے انہیں بینکاک میں منعقدہ ورلڈ آرچری پیرا سڈیز2026 میں سونے کا تمغہ جیتنے کےلئے مبارکباد دی۔

کمیٹیLG

کی قیادت میں کل لوک بھون جموں Shrirang Appa Barni توانائی سے متعلق پارلیمانی قائمہ کمیٹی نے اسکے چیرمین میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

باروے، راجیہ سبھا ممبر جا وید علی خان اور کئی دیگر افسران شامل ہیں۔Daulat کمیٹی میں لوک سبھا ممبر شام کمار

مردم شماری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ آنے والی مردم شماری2027 محض اعداد و شمار ایک مشق نہیں ہے بلکہ یہ ایک قومی ڈیجیٹل اصلاحاتی مشن ہیں جو وکست بھارت اور شواہد پر مبنی پالیسی منصوبہ بندی کےلئے ایک مستحکم بنیاد فراہم کرے گی۔

کو ملک کی Data ابھینو تھیٹر جموں میں سنسس2027 سے متعلق منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اٹل ڈلو نے اقتصادی ترقی کےلئے کلیدی اہمیت کا قرار دیا ۔ بعد میںمیڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوںنے کہا ۔

Data Vault

ڈیجیٹل حکمرانی کو تقویت بخشنے نیز مالی نظم و ضبط کو یقینی بنانے کی غرض سے حکومت نے ایک سینٹرلائزڈ آدھار کی شروعات کی ہے تاکہ مختلف محکموں اور مالی اداروں کی طرف سے چلائی جا رہی سماجی بہبود کی Data Vault سکیموں کی عمل آوری میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ ان کے دائر کار کو وسیع کیا جائے ۔

یہ فیصلہ کل جموں میں چیف سیکریٹری کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران کیا گیا۔

LGتعزیت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پونچھ اور راجوری سے تعلق رکھنے والے چند افراد کی کویت میں ایک سڑک حادثے کے دوران موت پر دُکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ ایک پیغام میں لیفٹنٹ گورنر نے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

ایل جی نے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سوگوار کنبوں کو ہر ممکن مدد فراہم کریں۔

عمر تعزیت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی سرنکوٹ اور تھنہ منڈی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کویت میں ایک سڑک حادثے کے دوران ہوئی موت پر رنجم الم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ غمزدہ کنبے کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑے ہیں۔

انہوںنے کہا کہ جمونو کشمیر سرکار متعلقہ حکام کے قریبی رابطے میں ہیں تاکہ جاں بحق ہوئے افراد کی میتوں کو لانے کےلئے لوازمات کو تیزی سے پورا کیا جائے گا۔

LGہمدردی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے متھرا اُتر پردیش میں ایک کشتی ڈھوبنے کی وجہ سے ہوئے جانی نقصان پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ ایل جی نے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کےلئے دعا کی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت9 اعشاریہ1ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ6ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....